# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/250

ایف آئی ڈی ڈی۔سی او۔ایف ایس ڈی۔بی سی نمبر 25/05.02.001/2019-20

4 جون 2020

دی چیئرمین/ مینیجنگ ڈائریکٹر اور سی ای اوز

سبھی پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر شیڈولڈ کمرشیل بینکیں

محترم/محترمہ!

## سود میں چھوٹ (آئی ایس) اور فوری ادائیگی حوصلہ افزائی (پی آر آئی)۔ زراعتی، چوپایہ پالن، ڈیری اور مچھلی پالن کے لئے کم مدتی قرضوں پر۔ کووڈ۔19 مہلک وبا کی وجہ سے توسیع شدہ کے لئے

برائے مہربانی ہمارے سرکلر ایف آئی ڈی ڈی۔سی او۔ایف ایس ڈی۔بی سی نمبر 24/05.02.001/2019-20 مورخہ 21 اپریل 2020 کا حوالہ لیں۔ بینکوں کو حکومتی فیصلہ سے متعلق صلاح دی جاتی ہے کہ وہ کسانوں کو دیئے گئے کم میعادی قرضوں کی ادائیگی پر پہلے کی طرح ہی توسیع مدت یعنی 31 مئی 2020 تک %2 سود میں چھوٹ اور فوری ادائیگی پر حوصلہ افزائی کی شکل میں %3 کی چھوٹ 31 مئی 2020 تک ادائیگی یا ادائیگی کی اصل تاریخ جو بھی پہلے ہو دیتے رہیں۔

2. لاک ڈاؤن میں توسیع اور کووڈ۔19 کی وجہ سے لگاتار افراتفری کے مدنظر آر بی آئی اپنے مورخہ 23 مئی 2020 کے سرکلر کے ذریعہ سبھی قرض دینے والے اداروں کو اجازت دے دی ہے کہ وہ مہلت کی مدت میں مزید تین ماہ کی توسیع کریں۔ یعنی 31 اگست 2020 تک۔ یہ یقین کریں کہ کسان توسیع شدہ مہلت کی مدت میں زیادہ سود نہیں دیتے ہیں لہٰذا حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے 31 اگست 2020 تک قرض کی ادائیگی پر یا ادائیگی کی مجوزہ تاریخ تک جو بھی پہلے ہو ان کو %2 سود میں چھوٹ اور فوری ادائیگی پر %3 حوصلہ افزائی کی شکل میں چھوٹ برقرار رکھی جائے۔ یہ فائدہ سبھی کسانوں کو کم مدتی قرضوں، زراعتی، چوپایہ افزائش نسل، ڈیری اور مچھلی پالن کے لئے 3 لاکھ روپیہ فی کسان اور اے ایچ ڈی ایف کسانوں کے لئے فی کسان دو لاکھ روپیہ کے قرض پر دیا جائے گا۔

3. باقی دوسری شرائط بغیر کسی تبدیلی کے ویسے ہی رہیں گی۔

آپ کا مخلص

(سونالی سین گپتا)

چیف جنرل منیجر